| سبقی منصوبہ بندی:1 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 9 | اُستاد کا نام: ____ |

سبق کا نام: غیر جانب داری

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اپنی روزمرہ زندگی میں غیر جانب داری اور جانب داری کی شناخت کر سکیں۔
- شناخت کر سکیں کہ کس طرح جانب دار صورت حال کو غیر جانب دار صورت حال میں بدلہ جا سکتا ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''غیر جانب داری'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- جانب داری اور غیر جانب داری میں فرق بتائیں؟

طلبہ سے جواب لیں اور انھیں بولنے کا موقع دیں۔

**طریقہ تدریس:** 20منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو غیر جانب داری کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں کسی موضوع یا معاملے کو بغیر کسی طرف کی ترجیح یا فرض کیسے سمجھا جائے۔ اس کا مطلب ہے کہ کوئی شخص بلا جانبداری کے ساتھ موجود معلومات یا تجربات پیش کرتا ہے اور اسے کس طرف کی ترجیح یا فضیلت کی بنیاد پر نہیں دیکھتا۔
- غیر جانب دار سے مراد انصاف سے کام لینا ہے۔ مطلب ہمیں اپنی زندگی کے ہر معاملے میں غیر جانب دار اور انصاف سے کام لینا چاہیے۔
- طلبہ کو انصاف پسندی اور سچ کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ کسی کا حق مارنا بُری عادت ہے۔
- طلبہ کو تاکید کریں کہ اُنھیں ہمیشہ سچ بولنا اور سچ کا ساتھ دینا چاہیے غلط بیانی سے اجتناب کرنا چاہیے۔

- طلبہ کو کہیں کہ کیا روزمرہ زندگی میں انھوں نے کبھی محسوس کیا کہ گھر یا سکول میں آپ کے ساتھ ناانصافی ہوئی ہو۔
- طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بولنے کا موقع دیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

غیر جانب داری سے کیا مراد ہے؟

انصاف پسندی کے نتائج پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق گھر سے دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کیا روزمرہ زندگی میں آپ نے کبھی محسوس کیا کہ آپ کے ساتھ گھر یا سکول میں ناانصافی ہوئی ہو؟ ایسا کوئی واقعہ ساتھیوں کو سنائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی: 2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 9 | اُستاد کا نام: ____ |

سبق کا نام: غیر جانب داری

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اپنی روزمرہ زندگی میں غیر جانب داری اور جانب داری کی شناخت کر سکیں۔
- شناخت کر سکیں کہ کس طرح جانب دار صورت حال کو غیر جانب دار صورت حال میں بدلہ جا سکتا ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''غیر جانب داری'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- جانب داری اور غیر جانب داری سے کیا مراد ہے۔
- اگر آپ سے کوئی غلطی ہو جائے تو کیا آپ اپنی غلطی تسلیم کرتے ہیں؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 70-71 سے متن پڑھنے کو کہیں اور مشکل پیش آنے پر ان کی رہنمائی کریں۔
- انھیں اہم الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو متن میں دی گئی تصویر دکھائیں اور ان سے پوچھیں کہ اس تصویر سے انھیں کیا سمجھ آرہا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ کس طرح احمد نے پیسے چوری کر کے صفائی سے جھوٹ بولا ہے۔ وہ اس لیے کہ وہ جانتا تھا کہ استاد صاحب اُس کے والد کے اچھے دوست ہیں اور وہ اُس کا ہی ساتھ دیں گے۔
- لیکن پھر بھی اُستاد صاحب نے حسن کے حق میں انصاف پر مبنی فیصلہ سنایا اور احمد کو سزا کے طور پر ایک ہفتے کے لیے کمرا جماعت کی صفائی کرنے کو کہا۔

- اس طرح احمد کو اپنی غلطی کا احساس ہوا اور اس نے حسن سے معافی بھی مانگی۔
- طلبہ سے پوچھیں اس واقعے سے انھیں کیا سبق حاصل ہوتا ہے۔ اُنھیں بتائیں کبھی بھی غلط کا ساتھ نہ دو اور ہمیشہ انصاف اور جانب داری کا مظاہرہ کرو۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| نگران | نِ۔گ۔ران | نگہبان/دیکھنے والا |
| نظرانداز | نَ۔ظر۔اَن۔دَا۔ز | توجہ نہ کرنا |
| اِکھٹا | اِ۔کھٹ۔ٹھا | ایک ساتھ |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کے "اہم نکات" پڑھیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال(i)اور(ii)طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کمرہ جماعت میں اپنے ساتھیوں کے سامنے کھڑے ہو کر بتائیں کہ آپ نے سبق میں دیے ہوئے واقعے سے کیا نتیجہ اخذ کیا؟

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام:__________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: غیر جانب دار |

سوال 1: درست جملے کے سامنے "✓" اور غلط کے سامنے "×" کا نشان لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| الف | احمد نے حسن کے پیسے چھین کر چیز کھالی تھی۔ | |
| ب | حامد نے اپنے بھائی احمد کا ساتھ دیا۔ | |
| ج | اُستاد صاحب نے انصاف پر مبنی فیصلہ سنایا۔ | |
| د | حامد اپنی غلطی پر شرمندہ ہوا اور اُس نے حسن سے معافی مانگی۔ | |
| ہ | ہمیں کبھی بھی غلط کا ساتھ نہیں دینا چاہیے۔ | |

سوال 2: اگر آپ حامد کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟

جواب: ____________________________________________

____________________________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: غیر جانب داری

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- دوسروں سے جانب داری کی صورت میں اپنے رویے کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے رویوں میں تبدیلی لا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ نیلے رنگ کے چارٹ، گلو، قینچی، کاغذ، ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''غیر جانب داری'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

اس سبق سے آپ نے کیا سیکھا؟

ہمیں کن باتوں سے اجتناب کرنا چاہیے۔

طلبہ سے جواب لیں اور ان حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو روزمرہ کی مثالیں دے کر غیر جانب داری لفظ کا مفہوم بتائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کیا حسن نے احمد کے ساتھ صحیح سلوک کیا؟ گروہی صورت میں بات چیت کر کے بتائیں۔
- طلبہ کو ''ذرا سوچیں اور بتائیں'' کے عنوان کے تحت طلبہ سے پوچھیں اور ان کے جواب لیں۔
- طلبہ کو ''مزید جانیں'' کے عنوان کے تحت دیا گیا جملہ پڑھائیں اور وضاحت کریں۔
- طلبہ سے غیر جانب داری کے متعلق اُن کی زندگی میں ہونے والا کوئی واقعہ پوچھیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہمیں ہر صورت غیر جانب داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔
- انھیں بتائیں غیر جانب داری کا اہم مقصد انصاف، صداقت اور حقیقت کی تلاش کرنا ہوتا ہے۔

- انھیں بتائیں غیر جانب داری ایک اصول ہے جو معاشرتی ترقی، امن اور انصاف کی راہ میں اہمیت رکھتا ہے۔اس کا استعمال مختلف مواقعوں میں انفرادی اور جماعتی تجزیات میں کیا جاتا ہے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کے "اہم نکات" دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (iii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا کام گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

آپ کا اپنے بہن بھائیوں سے کیا رویہ ہوتا ہے؟ اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں؟